بلیٹن

ماحولیاتی صحت کی خدمات کی طرف سے

fraserhealth

چوہوں پر قابو پانا

چوہے اپنے پیشاب، پاخانے یا اپنی کھال کی لمس سے کھانے کی اشیاء کو آلودہ کر سکتے ہیں۔ چوہے جب رینگتے ہیں یا بوسیدہ خوراک اور کوڑا کرکٹ کھاتے ہیں تو یہ جراثیم جیسے سالمونیلا وغیرہ اٹھا لیتے ہیں، اور جب یہ باورچی خانے میں گھومتے پھرتے ہیں، چیزوں کو دانتوں سے کترتے ہیں، پیشاب کرتے ہیں اور پاخانے مینگنیاں چھوڑتے ہیں، جراثیم خوراک، باورچی خانے کے کاؤنٹرز، شیلفوں، برتنوں وغیرہ میں منتقل ہوتے ہیں۔

یہ بلیٹن آپ کے احاطے میں چوہوں اور ان کے کنٹرول کے بارے میں بنیادی معلومات فراہم کرتا ہے۔ آپ کے کاروبار میں انفیکشن کو روکنا بہت ضروری ہے۔

اگر چوہوں کا حملہ اتنا شدید ہو جائے کہ کھانے پینے کی اشیاء کی حفاظت کی ضمانت نہیں دی جا سکے اور یا برتنوں اور کھانے کی سطحوں کو آلودگی سے محفوظ نہیں رکھا جا سکے، تو آپ کے کاروبار کو بند کیا جا سکتا ہے۔

آپ کے احاطے کو حشرات الارض سے پاک رکھنے میں ناکامی کے نتیجے میں آپ کے خلاف آرڈرز، خلاف ورزی کے ٹکٹ، یا دیگر قانونی کاروائی بھی ہو سکتی ہے۔

چوہوں پر قابو پانا

فوڈ اسٹیبلشمنٹ میں چوہوں کے کنٹرول کیلئے کئی اقدامات کے امتزاج کی ضرورت ہوتی ہے۔ چوہوں پر قابو پانے کے چند موثر اقدامات درج ذیل ہیں:

- تمام ایسے سوراخ یا دراڑ بند کریں جہاں چوہوں کا داخلہ ہو سکتا ہو۔ پائپوں، وینٹوں اور نالیوں کے ارد گرد خالی جگہوں کو جہاں وہ عمارت میں داخل ہو سکتے ہوں، بھر دیں۔ چھ ملی میٹر (1/4 انچ) سے زیادہ کے تمام سوراخوں کو سیل کر دینا چاہیے۔
- آنے والی تمام ترسیلات کو چوہوں کے پیشاب یا پاخانے سے انفیکشن یا آلودگی کی علامات کیلئے معائنہ کریں۔ کوئی بھی ڈیلیوری جو متاثرہ یا آلودہ ہو، سپلائر کو واپس کر دی جانی چاہیے۔
- خوراک کی تمام اشیاء کو فرش سے کم از کم 6 انچ اونچا رکھیں اور فرش کی سطح کو کھلا رکھیں۔.
- اپنے سٹاک کی جگہوں کو باقاعدگی سے تبدیل کرتے رہیں تاکہ کوئی بھی علاقہ طویل عرصے تک بے ثبات نہ رہے۔
- فوڈ اسٹیبلشمنٹ میں صفائی کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھیں۔ ہ ر دن کے اختتام پر کھانے کی تمام چیزیں ہٹا دیں (بشمول ٹکڑوں، چھلکوں، کھانے کی باقیات وغیرہ)۔
- حشرات الارض کے خاتمے اور نگرانی کیلئے کسی مصدقہ پیسٹ کنٹرول کمپنی کی خدمات حاصل کریں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ پیسٹ کنٹرول کمپنی کی طرف سے دی گئی سفارشات پر عمل کیا جائے۔

اگر چوہوں کا حملہ اتنا شدید ہو جائے کہ کھانے پینے کی اشیاء کی حفاظت کی ضمانت نہیں دی جا سکے اور یا برتنوں اور کھانے کی سطحوں کو آلودگی سے محفوظ نہیں رکھا جا سکے، تو آپ کے کاروبار کو بند کیا جا سکتا ہے
برتنوں اور کھانے کی سطحوں کو آلودگی سے محفوظ نہیں رکھا جا سکے، تو آپ کے کاروبار کو بند کیا جا سکتا ہے

صحت کا تحفظ | صحت مند لوگوں اور صحت مند ماحول کو یقینی بنانا

چوہوں کی عمر

ایک چھوٹا سا مسئلہ تیزی سے بڑا مسئلہ بن سکتا ہے اگر اسے بروقت حل نہ کیا جائے۔ مادہ چوہے ہر سال آٹھ دفعہ جنم دے سکتے ہیں اور ہر جنم میں پانچ سے چھ بچے ہوتے ہیں۔ پیدا ہونے کے تین ماہ کے ہونے کے بعد چوہے بالغ ہو کر دوبارہ پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

جہاں چوہے رہتے ہیں

چوہے اندھیرے، گرم، پر سکون جگہوں اور کھانے کے قریب گھر بنائیں گے۔ دوہری دیواروں میں خالی جگہیں اور کاؤنٹرز کے نیچے اور سٹوریج والے علاقوں میں ان کے گھر بنانے کی مثالی جگہیں ہیں۔

چوہے رات کے اندھیرے میں جب کوئی آس پاس نہیں ہوتا، سب سے زیادہ متحرک ہوتے ہیں۔ اگر دن کے وسط میں چوہے نظر آئیں تو یہ اکثر ایک بڑے انفیکشن کی نشاندہی ہے۔

چوہے دباؤ والے ماحول میں ڈھل سکتے ہیں۔ چوہے انتہائی گرم یا سرد حالات میں توانائی بچانے کے لیے غیر فعال ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ چوہے پانی کے بغیر بھی زندہ رہ سکتے ہیں۔ چوہوں کو روزانہ صرف ایک یا دو ملی لیٹر پانی کی ضرورت ہوتی ہے، جو وہ اناج جیسے کھانے سے حاصل کر سکتے ہیں۔

انفیکشن کے ذرائع

چوہوں سے انفیسٹیشن پڑوسی کاروباروں سے دیواروں اور چھتوں کے سوراخوں سے داخل ہونے کا نتیجہ بھی ہو سکتا ہے۔ ڈیلیوری بھی انفیسٹیشن کا ایک بڑا ذریعہ ہے۔

خوراک کی حفاظت

جہاں تک ممکن ہو خوراک کی خشک اشیاء کو مضبوط ڈھکنوں والے دھات، شیشے یا پلاسٹک کے کنٹینرز میں ذخیرہ کریں۔

ہر دن کے شروع میں کھانے سے مس ہونے والی سطحوں کو صاف اور جراثیم سے پاک کریں تاکہ پچھلی رات جمع ہونے والے چوہوں کے مینگنیوں اور پیشاب کو صاف کیا جا سکے۔

انفیسٹیشن کی علامات جیسے چوہوں کا فضلے یا خراب شدہ کھانے کی اشیاء کیلئے باقاعدگی سے احاطے کا معائنہ کریں۔

یہ بہت اہم ہے کہ چوہوں کی پہلی علامات ملتے ہی ان پر قابو پا لیا جائے۔

چوہوں کی آبادی پر ابتدائی کنٹرول بڑے انفیسٹیشن کے امکان کو روک دے گا جن کا خاتمہ مشکل اور مہنگا ہے۔ موثر کنٹرول اور نگرانی کی خدمات فراہم کرنے کیلئے ایک مصدقہ حشرات الارض کنٹرول کمپنی کا ہونا ضروری ہے۔ کیڑوں پر قابو پانے کی خدمات کے علاوہ، آپ کے احاطے میں اچھی صفائی، ماحولیاتی تبدیلی اور جسمانی رکاوٹوں کے امتزاج کا استعمال اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرے گا کہ چوہوں کی بھرمار کو روکا اور کنٹرول کیا جائے۔

اگر آپ کے ذہن میں حشرات الارض کے حملے کے بارے میں کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم اپنے مقامی ماحولیاتی ہیلتھ افسر سے رابطہ کریں۔

دفتر صرف ایک فون کال کی دوری پر ہے:

- ایبٹس فورڈ (604) 870-7900
- اگاسز (604) 793-7160
- برنابی (604) 918-7683
- چلی ویک (604) 702-4950
- ڈیلٹا (604) 507-5478
- ہوپ (604) 867-7630
- لینگلی (604)514-6121
- مشن (604)814-5515
- نیو ویسٹ منسٹر (604) 777-6740
- رج میڈوز (604) 476-7000
- سرے (604) 930-5405
- ٹرائی سٹی (604) 949-7700

مزید معلومات کیلئے، یا اگر آپ کے ذہن میں کوئی سوالات ہیں، تو اپنے مقامی ماحولیاتی ہیلتھ کی خدمات کے دفتر سے رابطہ کریں۔

ویب سائٹ: www.fraserhealth.ca/your_environment/